خبروں کا اعلامیہ

کیلگری میں قابل استطاعت رہائش (ہاؤسنگ) بڑھ رہی ہے

29ستمبر، 2022

ڈاؤن ٹاؤن کیلگری (Downtown Calgary) اب وسیع پیمانے پر قابل استطاعت رہائش کے اختیارات، معاونت اور خدمات کی جگہ ہے – سب کچھ ایک ہی چھت کے نیچے -

ایک غیر منافع بخش رہائش فراہم کنندہ، ہوم اسپیس سوسائٹی (HomeSpace Society) ، نے 10 منزلہ سیرا پلیس (Sierra Place) نام کے دفتر کی عمارت کو ضرورت مند کیلگری کے باشندوں کے لیے رہائش (ہاؤسنگ) میں تبدیل کر دیا ہے۔ مہربانی اور نئی شروعات کی نمائندگی کرنے کے لیے ، نام تبدیل کر کے نیوما (Neoma) رکھے جانے والی عمارت میںقابل استطاعت رہائش کے 82 یونٹس اور پناہ گاہوں اور عبوری رہائش کے 10 یونٹس ہیں۔ اس میں ان فرام دا کولڈ (Inn from the Cold)کے لیے دفتر اور پروگرامنگ کی جگہ اور کرایہ داروں کے لیے سہولیات بھی شامل ہیں۔

البرٹا کی حکومت اور کینیڈا کی حکومت، دونوں میں سے ہر ایک نے اس جدید منصوبے کے لیے 1 ملین ڈالر کا تعاون کیا ۔ اس منصوبے نے تقریباً 220 ملازمتوں کی حمایت کی۔

"ہر کینیڈین اپنا گھر کہلانےکے لیے ایک محفوظ اورقابل استطاعت جگہ کا مستحق ہے۔ ریپڈ ہاؤسنگ انیشیٹو (Rapid Housing Initiative) کی بدولت، ہماری حکومت پورے کینیڈا میں، بشمول یہیں کیلگری میں، کمزور ترین افراد کے لیے تیزی سے قابل استطاعت گھر فراہم کر کے اس کو حقیقت بنا رہی ہے۔ یہ ان متعدد طریقوں میں سے ایک ہے جس کے ذریعے ہماری حکومت کی نیشنل ہاؤسنگ اسٹریٹجی (National Housing Strategy) اس بات کو یقینی بنانے کے لیے جاری رکھے ہوئے ہے کہ کوئی بھی پیچھے نہ رہے۔"

احمد حسین(Ahmed Hussen) ، وفاقی وزیربرائے ہاؤسنگ، تنوع اور شمولیت
(Federal Minister of Housing, Diversity and Inclusion)

فوری حقائق

- منصوبے کا کل خرچہ 30 ملین ڈالرتھا۔ اس میں شامل تھے:
  - حکومت البرٹا اور حکومت کینیڈا کی طرف سے 2 ملین ڈالر

- کینیڈا مارٹگیج اینڈ ہاؤسنگ کارپوریشن (Canada Mortgage and Housing Corporation) کی طرف سے، فیز 2 ریپڈ ہاؤسنگ انیشیٹو (RHI) کے ذریعے 16.6 ملین ڈالر
  - کولابوریٹیو کیپیٹل کیمپین (Collaborative Capital Campaign) کی فنڈ ریزنگ میں 5.7 ملین ڈالر
  - سٹی آف کیلگری City of Calgary کی طرف سے5.5 ملین ڈالر
  - سیڈ فنڈنگ (Seed Funding) میں کینیڈا مارگیج اینڈ ہاؤسنگ کارپوریشن (Canada Mortgage and Housing Corporation) کی طرف سے 200,000 ڈالر
- البرٹا سینئرز اینڈ ہاؤسنگز کیپٹل پلان 2022 (Alberta Seniors and Housing's Capital Plan 2022) 2,000 سے زیادہ ملازمتوں کی حمایت کرتے ہوئے، تین سالوں میں 2,300 نئے اور دوبارہ تخلیق شدہ قابل استطاعت ہاؤسنگ یونٹس فراہم کرنے کے لیے 281 ملین ڈالر مختص کرتا ہے ۔
- کینیڈا کی نیشنل ہاؤسنگ اسٹریٹیجی (NHS) ایک 10 سالہ، 72 بلین ڈالر سے زیادہ رقم کا منصوبہ ہے جو مزید کینیڈینز کو گھر کہلانے والی جگہ دے گا۔
- این ایچ ایس (NHS) وفاقی، صوبائی اور علاقائی حکومتوں کے درمیان مضبوط شراکت داری اور بلدیات، سودیشی (انڈیجنس) حکومتوں اور تنظیموں، اور سماجی اور نجی ہاؤسنگ سیکٹرز سمیت دوسروں کے ساتھ مسلسل شمولیت پر بنایا گیا ہے۔ اس میں زندگی کے تمام شعبوں سے تعلق رکھنے والے کینیڈینز کے ساتھ اور رہائش کی ضرورت مند لوگوں کے ساتھ مشاورت شامل ہے۔

وابستہ لنکس

ہاؤسنگ کے متعلق کینیڈا کی اتھارٹی کے طور پر، کینیڈا مارٹگیج اینڈ ہاؤسنگ کارپوریشن (سی ایم ایچ سی (Canada Mortgage and Housing Corporation (CMHC))ہاؤسنگ مارکیٹ اور مالیاتی نظام کے استحکام میں تعاون کرتا ہے، کینیڈینز کو رہائش کی ضرورت میں مدد فراہم کرتا ہے، اور کینیڈین حکومت، صارفین اور ہاؤسنگ انڈسٹری کی تمام سطحوں کو غیر جانبدارانہ ہاؤسنگ تحقیق اور مشورہ پیش کرتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے، براہ کرم cmhc.ca ملاحظہ کریں یا ہمیں ٹوئٹر، انسٹاگرام، یوٹیوب، لنکڈ ان، اور فیس بک پر فالو کریں۔ این ایچ ایس (NHS) کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، placetocallhome.caملاحظہ کریں۔

البرٹا کی سینئرز اور ہاؤسنگ کی وزارت(Alberta's Ministry of Seniors and Housing) قابل استطاعت رہائش کی تیاری کو فروغ دیتی ہے اور البرٹا کے انتہائی ضرورت مند لوگوں کے لیے رہائش کے اختیارات تک رسائی کی حمایت کرتی ہے۔ وزارت بزرگوں، ان کے خاندانوں اور نگہداشت کرنے والوں، ان البرٹنز کے ساتھ، جن کو ہاؤسنگ سپورٹ کی ضرورت ہوتی ہے، اور کمیونٹیز اور دیگر حکومتی شراکت داروں کے ساتھ کام کرتا ہے۔ وزارت اور اس کے پروگراموں اور اقدامات کی مزید تفصیلی بیان alberta.ca/ministry-seniors-housing.aspxپر مل سکتی ہے۔

متعلقہ معلومات

- مضبوط بنیادیں سستی رہائش کی حکمت عملی (Stronger foundations affordable housing strategy)